بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پاکستان کے غدّار کون ؟

گاندھی کے غلام تمہارے امام تھے

روندی گئی جن کے عماموں کی برتری

از قلم:۔ محمد شریف رضاء عطاری

پیارے اسلامی بھائیوں۔ جیسا کہ تاریخ شاہد ہے کہ پاکستان علمائے اہلسنت کی مخلصانہ ومحققانہ کوششوں اور جدجہد سے معرضِ وجود میں آیا،اور اس مقدس پاک سرزمیں ہزاروں مسلمان کا خون شامل ہے، بشمول علمائے کرام جن کی محنتوں کا ثمر کہ آج ہم اپنے وطن پاکستان میں موجود ہیں ورنہ کشمیر اور احمد آباد پر جو مظالم ڈھائے جارہے ہیں وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔اس لئے "سب سے پہلے پاکستان"لیکن افسوس ہے کہ آج تاریخ کے ہیر پھیر میں ہمارے یہاں ان پاکستان کے غدّاروں کا نام بھی شامل کردیا جاتا ہے جو کہ پاکستان بننے کے سخت مخالف تھے۔اور یہی وجہ تھی کہ ان شر پسند باغیوں اور کانگریس پسند غالیوں نے پاکستان کو کفرستان، پلیدستان ،احرار کی رکھیل،قائداعظم کو کافرِ اعظم نہ جانے کن کن القاب سے موسوم کیا یہ بات میں نے اپنی طرف سے نہیں گڑھی، بلکہ تاریخ کے صفحات ان سے بڑھے پڑھے ہیں۔اور خود ان گستاخِ رسول وشاتمِ رسول کی کتب میں بھی موجود ہے ۔جس سے یہ بات روزِ روشن کی طرح واضح ہوجاتی ہے کہ یہ نمک خور دیوبندی وہابی، اہلحدیث جماعتی تبلیغی مولوی کا لیبل لگانے والے پاکستان بنانے کے سخت سے سخت ترین مخالف تھے۔

بقول شاعر

کھا کر نمک ہمارا ہمیں سے مقابلہ!
مُحسن کُشی کی رسم ہے ورثہ میں کیا ملی

(حوالہ نمبر ۱)

:::: حکیم الامت(المعروف شیطان الامت) اشرف علی تھانوی کا حوالہ محمود حسن اور گاندھی کی جے ::::

جس وقت حضرت مولانا (محمود حسن) کا موٹر چلا تو ایک دم اللہ اکبر کا نعرہ ہوا۔اُس کے بعد گاندھی کی جے،مولوی محمود حسن کی جے کے نعرے بلند ہوئے۔

(اضافت الیومیه جلد ٦،صفحه نمبر ٢٥٥،لائن نمبر ١٣)

(حوالہ نمبر ٢)

::::::::قائدِ اعظم کافرِ اعظم هے ::::::::

اِک کافرہ کے واسطے اسلام کو چھوڑا۔ یہ قائدِ اعظم ہے کہ کافرِ اعظم۔

(رپورٹ تحقیقاتی عدالت صفحه نمبر ١١ لائن نمبر ٧ اور صفحه ٢٧٣ لائن نمبر ١ وحیات محمد علی جناح مصنفه مصنفه رئیس احمد جعفری)

تبصرہ: بقول شاعر

حضور سے جو گستاخیوں کے عادی ہوں
وہ لوگ کیوں نہ کرے بدکلامیاں مجھ سے

(حوالہ نمبر ٣)

::::::پاکستان (کنجری)بازاری عورت هے ::::::

پاکستان ایک بازاری عورت ہے جس کو احرار نے مجبوراً قبول کیا ہے۔

(رپورٹ تحقیقاتی عدالت ٢٧٥ لائن نمبر ٤.بیان مولوی عطاء الله بخاری)

تبصرہ:۔

سوال۔ کنجریوں کو قبول کرنے والا کون؟

سوال۔ کنجریوں کی کمائی کھانے والا کون؟

دیوبندی، خود بھی پاکستان کی کمائی کھا رہے ہیں عجب حال ہے ان کا۔

(حوالہ نمبر ٤)

:::::پاکستان خون خوار سانپ هے جو مسلمانوں کا خون چوس رهاهے ::::::

ان لوگوں کو شرم نہیں آتی کہ وہ اب بھی پاکستان کا نام جپتے ہیں۔۔۔۔ سچ ہے پاکستان ایک خونخوار سانپ ہے جو ۱۹۴۰ء سے مسلمانوں کا خون چوس رہا ہے اور مسلم لیگ ہائی کمانڈ ایک سپیرا ہے۔"

(آزاد ٩ ،نومبر ١٩٤٦ء) (تحریك پاکستان اور نیشسلٹ علماء٨٨٤)

(حوالہ نمبر ۵)

::::کسی ماں نے ایسا بچہ نہیں جنا جو پاکستان کی "پ" بھی بنا سکے۔::::

عطا اللہ شاہ بخاری نے سپر کانفرنس ۱۹۴۶ میں کہا:

پاکستان بننا تو بڑی بات ہے کسی ماں نے ایسا بچہ نہیں جنا جو پاکستان کی "پ" بھی بنا سکے۔"

(روزنامہ "جدید نظام" استقلال نمبر ۱۹۵۰ء)

(تحریک پاکستان اور نیشلسٹ علماء ۸۸۳)

(حوالہ نمبر ۶)

::::محمد علی جناح نہرو کی جوتی پر قربان::::

دس ہزار جناح اور شوکت اور ظفر جواہر لال نہرو کی جوتی کی نوک پر قربان کیئے جاسکتے ہیں۔

(چمنستان ظفر علی خاں ۱۶۵)

(حوالہ نمبر ۷)

::::مسلم لیگ خود غرض جماعت ھے ::::

مسلم لیگ سب کے سب ارباب غرض اور رجعت پسند ہیں۔ لہذا ووٹ مسلم لیگ کی بجائے کانگریس کو دینے چاہئیں۔ (ملخصاً چمنستان صفحہ ۱۰۱)

(حوالہ نمبر ۸)

::::یزید کے مشابہ::::

کانگرس جمیعۃ العلماء کے اجلاس دہلی میں مولوی حبیب الرحمن اور مولوی عطاء اللہ شاہ بخاری نے مسلم لیگ کو جو گالیاں سنائیں ان کا ذکر اخباروں میں آچکا ہے ان لوگوں نے مسٹر محمد علی جناح کو یزید اور مسلم لیگ کے کارکنوں کو یزید سے تشبیہ دی۔ خدا کا شکر ہے کہ کہیں گاندھی کو امام حسین سے مشابہ قرار نہیں دیا۔

(اخبار انقلاب لاہور ۱۵ مارچ ۱۹۳۹ء)

(حوالہ نمبر ۹)

::::::پاکستان "خاکستان" ھے ::::::

پاکستان خاکستان ہے۔ (رپورٹ تحقیقاتی عدالت ۱۷٤،لائن نمبر ۲٤)

(حوالہ نمبر ۱۰)

:::::پاکستان پلیدستان ھے :::::

احرار لیڈروں نے اپنی تقریروں میں پاکستان کو پلیدستان کہا "دیکھئے"

(رپورٹ تحقیقاتی عدالت ۱۰،لائن نمبر ۲۵ ،صفحہ ۲۷۵،لائن نمبر ۱)

تبصرہ:۔

احرار ہوں کہ کانگرسی ہوں سب ایک ہیں   دونوں کے دونوں لیکے چلے رام کا راکٹ

(حوالہ نمبر ۱۱)

::::پاکستان سیاسی چال ھے :::::

جو لوگ پاکستان کے مخالف تھے، جب یہ کہتے تھے، کہ یہ محض فریب ہے سیاسی چال ہے تو کیا غلط کہتے تھے۔

(ترجمان القرآن صفحہ نمبر ٤۳،عدد ٦ بابت جمادی الآخر ۳۷٤ھ)

(حوالہ نمبر ۱۲)

::::کتوں کو بھونکتا چھوڑدو!!!!!:::::

"کتوں کو بھونکتا چھوڑ دو کاروان احرار کو اپنی منزل کی طرف چلنے دو۔احرار کا وطن لیگی سرمایہ دار کا پاکستان نہیں ۔احرار اس کو پلیدستان سمجھتے ہیں۔"

(بیان چوھدری افضل حق مندرجہ خطبات احرار صفحہ نمبر ۹۹) (تحریك پاکستان اور نیشلسٹ علماء صفحہ نمبر ۸۸٤)

(حوالہ نمبر ۱۳)

(مسلم لیگ کو ووٹ دینے والے سب سوّر(خنزیر ھے)اورسور خور ھیں)

مسلم لیگ کو ووٹ دینے والے سب سور ہیں ۔اور سور کھانے والے ہیں۔ (چمنستان ظفر علی خاں صفحہ ۱٦۵)